© rasailojaraid.com



# زباں میری ہے بات ان کی

○ بھارت والے پاکستان کا نمک کھائیں گے۔ (ایک خبر)

نمک حلال کریں تو اور خوشی ہوگی۔

○ واپڈا ملازمین کو مفت بجلی کی فراہمی بند کرنے کا فیصلہ (ایک خبر)

اس سے کئی ہمسایوں کی بجلی اور واپڈا ملازمین کی اضافی آمدنی بند ہو جائے گی۔

○ حکومت دینی مدارس اور مساجد اپنی تحویل میں لے لے۔ (جاوید اقبال)

اور علماء سکولوں اور کالجوں پر قبضہ کر لیں۔

○ لاہور۔ ۷۰ سالہ بوڑھا حقے سمیت اعتکاف میں بیٹھ گیا۔ (ایک خبر)

کوئی نوابزادہ ہوگا۔

○ ہیڈ کانسٹیبل نے پیچھا کر کے ڈاکو پکڑ لیا۔ (ایک خبر)

حیرت ہے، کی بات ہے۔

○ غریب کا کام رشوت سے ہوتا ہے۔ (شہباز شریف)

حکومت اور رشوت کا چولی دامن کا ساتھ ہے

○ دہشت گردوں کا خوف۔ نماز عید اسلحہ کے سائے میں ادا کی گئی۔ (ایک خبر)

"پاکستان اسلام کا قلعہ ہے"۔

○ لاکھوں افغانیوں نے امیر المؤمنین ملا عمر کی امامت میں نماز عید اداء کی۔ (ایک خبر)

لیکن یہ سب "دہشت گرد" غیر مسلح تھے، ماحول پُر امن تھا۔

○ بے نظیر نے وہ حدیں پار نہیں کیں جو نواز شریف کر گئے۔ (لغاری)

میر کیا سادہ ہیں بیمار ہوئے جس کے سبب
اسی عطار کی لونڈے سے دوا لیتے ہیں

○ لوگوں سے زیادتی کرنے والے تھانیدار کا مجھ سے بڑا کوئی دشمن نہیں۔ (شہباز شریف)

دشمنی اپنی جگہ۔ مگر پاکستان تو پولیس سٹیٹ ہی بنی ہوئی ہے۔

○ سودی نظام کے خاتمے اور اسلامی نظام کے مکمل نفاذ کے لئے سنجیدہ ہیں۔ (صدر تارڑ)

موقع ملا ہے کچھ کر جائیں۔ ورنہ ضیاء الحق کی طرح بعد میں پچھتانے سے حاصل!

○ قائد اعظم نے پاکستان کو کبھی اسلامی ریاست قرار نہیں دیا تھا۔ (اصغر خان)

"بڑے خان" "سو بڑے خان" "چھوٹے خان اعوذ باللہ!

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



- اللہ کے حکم پر آواز بلند کر رہی ہوں۔ (بے نظیر)

ملک کو بھی اللہ کے حکم پر لوٹتی رہی ہیں؟

- ظلم کرنے والے پولیس افسروں کو تھانوں میں لٹکا دیں گے۔ (شہباز شریف)

کون سا پولیس افسر ظالم نہیں ہے؟

- ایٹمی پلانٹ کے معائنے کے لئے ۱۰۰ انسپکٹر اور جاسوس کتے آ رہے ہیں (ایک خبر)

جاسوس کتے اور کتے جاسوس ایک ہی بات ہے۔ (لیاقت بلوچ)

- معراج محمد خان نے اپنی پارٹی "قومی محاذِ آزادی" عمران خان کی "تحریک انصاف" میں ضم کر دی (ایک خبر)

آزادی اور انصاف دونوں شرمندہ ہیں

- مسلم لیگ "علماء مشائخ ونگ" کے خلاف تحقیقات شروع، "قرض اتارو ملک سنوارو" مہم میں لاکھوں روپے بٹورنے کا الزام

جیسی لیگ، ویسے مشائخ　　　لوٹ مار چھین شاد باد

- جماعت اسلامی سے تعاون میں حرج نہیں (آفتاب شیرپاؤ)

میاں بیوی راضی تے کیہہ کرے گا قاضی

- عدالت سے انصاف نہ ملا تو اسلام چھوڑ دوں گا۔ (مسترد صدارتی امیدوار ایم پی خان)

عقل نئیں تے موجاں ای موجاں!

- مسرت شاہین کی عمرہ کے لئے روانگی (ایک خبر)

کیا وہ بھی عمرے پر گئے ہوئے ہیں۔

- ممتاز مزاحیہ شاعر دلاور فگار انتقال گئے۔ (ایک خبر)

خبر نہیں میری موت کب ہوئی لیکن
سنی تو میں نے بھی فوت ہو گیا ہوں میں

- بے نظیر اور زرداری نے ہر سرکاری سودے پر کمیشن لیا۔ (نیویارک ٹائمز)

غریبوں کا مقدر بدلنے کے لئے

- ملتان۔ خبریں چھاپہ۔ پولیس کی سرپرستی میں چلنے والا جوا خانہ بند (ایک خبر)

پولیس نے ہی بند کیا...... پولیس پھر کھول دے گی۔

- امریکی، تارڑ سے خوش نہیں۔ (پگاڑا)

سب کو داڑھی چبھتی ہے۔

بقیہ ص ۳۳ پہ

© rasailojaraid.com